حیسکو پریس ریلز مورخہ :14.12.2021

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اور اسپیشل ریکوری ٹیموں کی نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف قاضی احمد، ٹھٹھہ، سکرنڈ، ٹنڈو آدم و دیگر علاقوں میں نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں 923 کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع جبکہ چیکنگ کے دوران 436 سے زائد بجلی کے غیر قانونی کنڈہ کنکشن کٹوا کے تاریں ضبط کر لی گئیں۔ سہون سب ڈویژن سے 10 عدد 25 کے وی اے کے ٹرانسفامر سے ڈائریکٹ ٹیوب ویل چلائے جا رہے تھے، کنکشن منقطع کر کے ٹرانسفارمرز تحویل میں لے لیئے گئے ہیں۔ حیسکو ترجمان

☆ حیدرآباد (   ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات ہیں سب سے پہلے عوام ہمیں عوام کی Care کرنی ہے، کیونکہ حیسکو کا ہر ملازم اور صارف حیسکو کا محافظ ہے، بجلی چوری کا خاتمہ ہماری اولین ترجیح ہے، نادہندگان سے واجبات کی 100% سے زائد وصولی کرنا ہمارا مقصد ہے۔ تفصیلات کے ڈائریکٹر سرویلینس اینڈ انویسٹی گیشن اعجاز احمد شیخ کی سربراہی میں ڈپٹی ڈائریکٹر S&I جاوید احمد صدیقی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ولید اد چانڈیو، چیکنگ انسپیکٹر عبدالحکیم اور فراز شاہ نے سہون سب ڈویژن کے جھانگارا فیڈر کے علاقوں میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 10 عدد 25 KVA کے ٹرانسفارمر میں چوری پکڑی گئی، کارروائی کرتے ہوئے فوری طور پر بجلی منقطع کر کے ٹرانسفارمر اتار لیئے گئے اور اپنی تحویل میں لے لیئے گئے ہیں، مزید برآں اسپیشل ریکوری ٹیموں کی مدد سے کارروائیاں کی گئیں، جس میں ٹنڈو آدم میں بجلی چوری کے خاتمے کو کنٹرول کرنے کیلئے 302 بجلی کے میٹروں کی سیکیورنگ بھی کی گئی۔ ٹھٹھہ، سکرنڈ، قاضی احمد، و دیگر علاقوں میں نادہندگان کے خلاف کارروائیوں میں مجموعی طور پر 923 کے بجلی کنکشن واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع جبکہ چیکنگ کے دوران 436 سے زائد بجلی کے بجلی چوروں کے غیر قانونی کنڈہ کنکشن کٹوا کے گئے اور تاریں ضبط کر لی گئیں، اس کے علاوہ متعلقہ تھانوں میں بجلی چوری کی ایف آئی آر درج کرانے کے لیٹر جمع کرا دیئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ حیسکو چیف نے کہا کہ بجلی چوروں کو کسی بھی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ بجلی چوروں کو کیفر کردار تک پہنچائیں گے۔ اسپیشل ریکوری ٹیموں کی پورے حیسکو ریجن میں ان کارروائیاں کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ بجلی چوروں کا خاتمہ اور واجبات کی ادائیگی لازمی کرائیں، کیونکہ حیسکو کمرشل ادارہ ہے جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا، بجلی چوری میں ملوث کسی بھی فرد کو نہیں معاف کر سکتے چاہے وہ حیسکو ملازم ہی کیوں نہ ہو، اس کے خلاف کارروائی مکمل کی جائے گی۔ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کریں تاکہ بجلی کی فراہمی مسلسل میسر ہو سکے۔ آپ کے تعاون کا متمنی حیسکو۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں